نغمۂ بہار

محمد اصغر میرپوری

انتساب

پیارے بھائی لارڈ نذیر کے نام

جو

آزادئ کشمیر کے لیے جدوجہد جاری

رکھے ہوئے ہیں

لارڈ نذیر

ہمارے ہیرو جو لارڈ نذیر ہیں
وفا کی ایک چلتی پھرتی تصویر ہیں
میں ان کے بارے میں کیا کہوں
وہ آدمی بڑے ہی باضمیر ہیں
ان کی رہائش تو برطانیہ میں ہے
مگر ہم سمجھتے ہیں وہ ہمارے سفیر ہیں
وہ کسی بھی لیڈر سے نہیں ڈرتے
وہ اپنے اللہ کے در کے فقیر ہیں
انکساری ان کی طبیعت میں ہے
وہ بندے بڑے بے نظیر ہیں

دُعا

اپنے اللہ سے میں ڈرتا ہوں
اس کے بندوں سے پیار کرتا ہوں
منکر و نکیر کے سوالوں کے لیے
اپنے آپ کو تیار کرتا ہوں
اپنے مولا کو یاد کر کے
خوشیوں سے دامن بھرتا ہوں
آخری وقت کلمہ شہادت نصیب ہو
اس بات کی دُعا کرتا ہوں
میں صرف اپنے لیے ہی نہیں دوستو
سب مسلمانوں کی بخشش کی التجا کرتا ہوں

حمد باری تعالیٰ

اِک تو بس میرا پروردگار ہے
اور کسی ہستی سے نہ مجھے سروکار ہے
جو صرف تیری عبادت کرتے ہیں
وہ خوشیوں سے جھولیاں بھرتے ہیں
ہم سب تیرے بندے تو ہمارا پالنہار ہے
نظام ہستی چلانے میں تیرا کوئی نہ مدد گار ہے
غموں کی بھٹی میں ڈال کر سونا بناتا ہوں
کچھ کو گمراہ دشمن دے کر آزماتا ہے
جو لوگ تیرے شریک ٹھہراتے ہیں
وہ اپنا نام جہنم میں لکھواتے ہیں
جو کسی کو بناتا ہے تیرا شریک
اس سارے جیون رہتا ہے تاریک

نعت

میرا دین و ایمان آپ ﷺ ہیں
میرا دل و جان آپ ﷺ ہیں
دنیا و جہاں کے لوگوں میں
سب سے افضل انسان آپ ﷺ ہیں
جس کا دنیا میں کوئی نہیں
ان یتیموں کے امیرِ کارواں آپ ﷺ ہیں
میری محبت کا یہ عالم ہے
میرے دل و جگر میں پنہاں آپ ﷺ ہیں
میں اس سے زیادہ کیا کہوں
اصغؔر کا کُل جہاں صرف آپ ﷺ ہیں

O

تم اپنی نمازوں کو قائم کرو دوستو

ماہِ رمضان میں سحری کا اہتمام کرو دوستو

نفرتوں کو ہمیشہ کے لیے دفن کر دو

نیکیوں سے تم لوگ اپنی جھولیاں بھر کر

جتنا زیادہ ہو مسجد میں قیام کرو دوستو

کڑوی زبان کسی کو کوئی فائدہ نہیں دیتی

میٹھے لہجے میں سب سے کلام کرو دوستو

جب کبھی تمہارا اس دنیا فانی سے کوچ ہو

اپنی ساری دولت غریبوں کے نام کرو دوستو

O

میری آنکھوں کو وہ سراب دے گیا
میری نیندوں کو وہ خواب دے گیا

اس کی تعریف میں جب غزل کہی
اس کے عوض مجھے گلاب دے گیا

اس کو ملنے کو بے تاب ہے میرا دل
مجھے وہ ہجر کا عتاب دے گیا

میں نے پوچھا کیا ملنے آؤ گے
میری کسی بات کا نہ وہ جواب دے گیا

مجھے تحفہ وہ بڑا نایاب دے گیا
اپنے سخن کی مجھے کتاب دے گیا

O

جس کو فون کرتا ہوں اُٹھاتا نہیں کوئی
اب مجھے پیار سے گلے لگاتا نہیں کوئی
کبھی جھوٹی تعریفوں سے لوگ آسماں پہ چڑھاتے تھے
اب تو چنے کے جھاڑ پہ بھی چڑھاتا نہیں کوئی
میری شاعری سن کر جو بڑا مکھن لگایا کرتے تھے
اب تو منہ زبانی مسکا بھی لگاتا نہیں کوئی
میری راہ میں جو سرخ قالین بچھاتے تھے
اب تو ٹاٹ کا ایک ٹکڑا بھی بچھاتا نہیں کوئی
میری آنکھوں میں کئی چہرے بسے ہیں
مگر مجھے اپنے دل میں بساتا نہیں کوئی
میرے دل میں تو ہر کسی کے لیے محبت بھری ہے
مگر مجھے اپنے دل میں بساتا نہیں کوئی
پہلے مجھے ہر طرح کے لذیذ کھانے کھلاتے تھے
آج کل زبانی پلاؤ کھلاتا نہیں کوئی

❁❁❁

O

میری نظموں کے جو کردار ہوتے ہیں
وہ سبھی بڑے وفادار ہوتے ہیں
محبوب کی خاطر جو جان کی پرواہ نہیں کرتے
دنیا میں ایسے بھی کچھ یار ہوتے ہیں
جو دوستی کے بڑے دعوے کرتے ہیں
برے وقت میں وہ کسی کے نہ غم خوار ہوتے ہیں
یہاں سوچ سمجھ کر دوست کا انتخاب کرنا
ورنہ دنیا میں لوگ بڑے فن کار ہوتے ہیں
شہرت کی خاطر کسی کے تلوے نہیں چاٹتے
اصغرؔ جیسے ایسے بھی خوددار ہوتے ہیں

O

میرے اللہ کا جس انسان پہ کرم نہیں ہوتا
اس انسان کا دل کبھی نرم نہیں ہوتا
جو لوگ گرگٹ کی طرح رنگ بدلتے ہیں
ایسے انسان کا کوئی دین و دھرم نہیں ہوتا

O

گو حافظہ میرا اتنا کمزور نہیں ہے
مگر یہ بندہ آپ کے لیے بور نہیں ہے
میرے حافظے کو الزام نہ دو جاناں
تجھے یاد رکھوں اس بات پہ زور نہیں ہے
اس دنیا میں کسی کو راز کی بات نہیں بتانا
یہ شرافت کا کوئی دور نہیں ہے
میرے دل کو اتنا الزام نہ دو
یہ بندہ شاعر ہے کوئی چور نہیں

O

جاتے جاتے وہ مجھے محبت کا سلیقہ سکھا گیا
میرے اُجڑے دل کو ایک گلزار بنا گیا

مجھ پہ اپنی ساری خوشیاں وار کر
وہ کچھ اس طرح سے دوستی نبھا گیا

اس کے پاس میری یادوں کے سوا کچھ نہیں بچا
وہ اپنا سب کچھ مجھ پہ لٹا گیا

اللہ اسے میری خوشیاں بھی دے دے
جب اس کا عید کارڈ پڑھا وہ یاد آ گیا

ہر وقت اسی کے بارے میں سوچتا رہتا ہے اصغؔر
لگتا ہے وہ میرے دل میں سما گیا

O

جو شخص سب کی نظر میں عظیم ہے
وہی بندہ میرے دل میں مقیم ہے
اس کی اپنی زیست میں غم ہی غم ہیں
مگر دُکھی لوگوں میں خوشیاں کرتا تقسیم ہے
وہ ہر انسان کے دل میں گھر بنا لیتا ہے
دنیا بھر کے لوگ ان کی کرتے تعظیم ہیں
اصغرؔ ایسے لوگوں سے ربط نہیں بڑھاتے
جو اپنے غلط رویے میں کرتے ترمیم ہیں

O

جو لوگ درد کے مارے ہوتے ہیں
انہیں غم خوشیوں سے پیارے ہوتے ہیں
جن لوگوں کو پروردگار آزماتا ہے
وہی بندے اسے اوروں سے پیارے ہوتے ہیں
ہم انہیں اپنی خطاؤں کا خسارہ سمجھتے ہیں
دنیا میں ہمیں جتنے بھی خسارے ہوتے ہیں
غم کے بھنور میں جب ہماری ناؤ ڈوبی ہوتی ہے
اس پل ہمارے سامنے کنارے ہوتے ہیں

O

میرا دل ناشاد کرتا ہے اسے شاد نہیں کرتا
صیاد اپنے قفس سے مجھے آزاد نہیں کرتا

مجھے اس زنداں سے جانے کب چھٹکارہ ملے گا
اس بارے کوئی بھی میری امداد نہیں کرتا

اپنی درد بھری روداد سنا کر چلا آتا ہوں
میں اس کا قیمتی وقت کبھی برباد نہیں کرتا

زندگی میں اور بھی جنجال ہیں غمِ اُلفت کے بنا
میں اللہ کے سوا کسی اور سے فریاد نہیں کرتا

نہ جانے وہ اصغؔر کو کیسے اتنا جلد بھول گیا
اب تو بھول کے بھی کبھی یاد نہیں کرتا

جیسا اس نے اصغؔر کے ساتھ کیا ہے
ایسا سلوک تو ودیارتھی سے کوئی اُستاد نہیں کرتا

O

میرے ساتھ اس نے چلی ہے ایسی چال
اصغؔر کا جینا کر گیا ہے وہ محال
میری حالت پہ اسے ہوتا ہو گا ملال
اگر ایک بار آکر وہ دیکھ لے میرا حال
اب اس کے بغیر میرا یہ ہے حال
اس بارے کسی سے کریں گے سوال
آج کل وہ میری ہر بات دیتا ہے ٹال
آ اپنے دیوانے اصغؔر کو سنبھال

O

جب سے وہ مجھے دے گیا ہے چکر
تب سے میں پکارتی رہتی ہوں اصغؔر اصغؔر
عمر بھر ساتھ نبھانے کے وعدے کر کے
اب وہ اپنے وعدے سے گیا ہے مکر
مجھ سے اس نے وعدہ کیا تھا
کہ وہ ساتھ نبھائے گا عمر بھر
اس نے میری یہ حالت کر دی ہے
اب شہر کے لوگ دیکھتے ہیں ٹھہر ٹھہر کر
کوئی تو ایسا کام کر جا میرے یار اصغؔر
عشق میں نام آتا ہے جان ہار کر

O

اتنی بڑی دنیا میں کوئی میرا یار نہیں ہے
یہاں کسی کو مجھ سے پیار نہیں ہے
تیری یادوں کو دل میں لیے پھرتا ہوں
یہ میرے لیے کوئی بار نہیں ہے
مجھے تو اس بات کا رونا ہے
کہ میری زندگی میں کوئی آزار نہیں ہے
تیرے شہر میں آئے تھے بڑی اُمیدیں لے کر
لگتا ہے ہمارا یہاں کوئی خریدار نہیں ہے
ہر کوئی میرے دل میں کیوں چلا آتا ہے
یہ اصؔغر کا دل ہے کوئی بازار نہیں ہے

O

وہ جس سے بھی کلام کرتا ہے
اسی بدنصیب کا ہمیشہ کے لیے کام تمام کرتا ہے
اور کسی کو خود معاف نہیں کرتا
میں نے اس کا کیا بگاڑا ہے
جو وہ میری نیندیں حرام کرتا ہے
میں نے جس کی تعریف میں دیوان لکھا
وہ اپنا ایک شعر نہ میرے نام کرتا ہے
میں اسی کی ہمت دیکھ کر حیران ہوتا ہوں
جو ہماری محبت کا اعلان سرِعام کرتا ہے
میرا دل اور کسی کے قابو میں نہیں آتا
مگر مجھے بڑے پیار سے غلام کرتا ہے

O

اس کے پیار میں ایک دن ایسا کر جاؤں گا
میں اُسے اپنا بنانے کی خاطر مر جاؤں گا
اس کی چاہت کا اگر سہارا نہ ہو گا
پھر میں سدا کے لیے بکھر جاؤں گا
وہ مجھ سے سیدھے منہ بات نہیں کرتے
اب بھول کر بھی نہ اس کے گھر جاؤں گا
کون ہے جو ہم دونوں کو ملنے سے روکے
اسے ملنے کو اُٹھا کر اپنا سر جاؤں گا
اصغر کسی کی دھمکیوں سے ڈرنے والا نہیں
وہ اگر نہ بھی بلائے میں اسے ملنے کو مگر جاؤں گا

O

محبت میں جو ہمارا امتحاں ہوا ہے
اس سے ہمارا بڑا زیاں ہوا ہے
ہماری کون سی ادا اسے اچھی لگی
ہمیں کچھ ایسا ہی گماں ہوا ہے
اس سے ملے بنا ہی جو ہم لوٹ آئے
پھر ہمارا دل بڑا پریشاں ہوا ہے
ہم نے قیس سے بڑھ کر محبت کی ہے
ہمارا چاک نہ گریباں ہوا ہے
اور لوگوں کو چاہت میں سدا خوشیاں ملیں
اور اصغرؔ کو پیار میں بڑا نقصاں ہوا ہے

O

چاہت سے ہم خود کو بچا نہ سکے
کسی سے محبت کر کے ہم مسکرا نہ سکے
جب اس سے ہماری آنکھیں ملیں
پھر اور کسی کو ان آنکھوں میں بسا نہ سکے
جو لوگ میرے دل کو بھلے لگتے ہیں
میری آنکھوں میں وہ اپنی جگہ بنا نہ سکے
اس کی اُلفت نے میرا برا حال کیا
ہم پھر بھی اس سے دور جا نہ سکے
ایک دن وہ سدا کے لیے ہم سے روٹھ گیا
ہم کسی طرح اسے واپس بلا نہ سکے
ہم نے اس کے دل کو اپنا مسکن بنایا
تاکہ اور کوئی وہاں اپنا ڈیرہ جما نہ سکے

O

ہم آدمی بڑے نام ور ہیں
کسی دل میں جگہ نہ ملی اسی لیے بے گھر ہیں
ان لوگوں کے اُدھار چکائے جاتے ہیں
جن دوستوں کے احسان ہمارے سر ہیں
ان کا گلہ ہے ہم کوئی پیغام نہیں بھیجتے
مگر ہمارے شہر میں کبوتر نہ نامہ بر ہیں
ہم اپنے تخیل کو بھلا کیسے اُڑائیں
اس کے ابھی تک نکلے نہ بال و پر ہیں
اپنے نام و نسب پہ کیا فخر کرنا اصغؔر
اللہ کی نظر میں شہنشاہ و گدا دونوں برابر ہیں

O

جسے ملنے کو بے تاب رہتا ہوں
پیتا اسی کے نینوں کی شراب رہتا ہوں
جدائی ہمارے محبت کی دیوار بنی ہے
مگر اس سے ملنے کے دیکھتا خواب رہتا ہوں
جس گلی وہ نقل مکانی کر کے آئے ہیں
اسی گلی میں بھی جناب رہتا ہوں
لوگ وعدہ کر کے مجھے گھر پر نہیں ملتے
ان کے انتظار میں ہوتا خراب رہتا ہوں
نہ جانے وہ ہمیں کیوں نظر انداز کرتے ہیں
خود ہی ایسے سوالوں کے دیتا جواب رہتا ہوں
وہ مجھ پہ مرتی ہے مجھ سے پیار کرتی ہے
اسی کی آنکھوں میں بن کر سراب رہتا ہوں

O

جو کسی کے دیوانے ہوتے ہیں
ان کی زندگی میں ویرانے ہوتے ہیں
نئے دوستوں سے ہمیں بہت پیار ہے
مگر بڑے پیارے یار پرانے ہوتے ہیں
نئے دور کی محبت میں وہی ترقی کرتے ہیں
جن کے پاس خوبصورت بہانے ہوتے ہیں
محبت پیٹ کی بھوک نہیں مٹا سکتی
کھانے کے لیے پیسے کمانے ہوتے ہیں
یہاں پیسہ پھینک اور تماشہ دیکھ
نئے دور کے جھوٹے یارانے ہوتے ہیں

O

دل میں کوئی نہیں ارمان پھر بھی جی رہے ہیں
دنیا میں جینا نہیں آسان پھر بھی جی رہے ہیں
یہاں کوئی اسے جینا کہہ سکتا ہے دوستو
جسم میں نہیں ہے جان پھر بھی جی رہے ہیں
زندگی کا ہر راستہ ہے دشت کی طرح ویران
تنہا جینا نہیں آسان پھر بھی جی رہے ہیں
خالی ہاتھ آئے تھے خالی ہاتھ جانا ہے
ساتھ رکھتے نہیں سامان پھر بھی جی رہے ہیں
سنسان پڑی ہیں میرے دل کی گلیاں
آتا نہیں کوئی مہمان پھر بھی جی رہے ہیں

O

جو سمجھتا ہے کہ اسے گیان بڑا ہے
میری نظر میں وہ شخص نادان بڑا ہے

دوسروں کو نیکی کا درس دینے والا
وہ شخص خود شیطان بڑا ہے

جو غریبوں کی مدد کرنے کو تیار نہیں
کہنے کو وہ بھی دھنوان بڑا ہے

جس کے ہاتھ سے کسی کو آنچ نہ پہنچے
کہتے ہیں وہ انسان بڑا ہے

ایک بار تیرے شہر میں آکر تجھے دیکھوں
اصغؔر کے دل میں یہ ارمان بڑا ہے

O

میری یہ عرض سن لے میرے دل برا
میں تجھے کیسے بھلاؤں مجھے دے مشورہ
بڑے میٹھے لہجے میں جو بات کرتا تھا
نہ جانے کیوں آج وہی یار مجھ سے لڑ پڑا
اسے دیکھے بنا کبھی اپنے گھر نہ جاؤں گا
ہاتھوں میں پھول لیے رہوں گا کھڑا
جس کے پیار کو ہم اپنا سمجھے تھے
وہی ہمارا یار ہمیں دے گیا ہے دغا
میرے جسم میں خون نہیں لاوا ہے
اے چارہ گر میری نبض کو نہ ہاتھ لگا
ہم بھی تیرے یہ دل بھی تیرا جانِ من
غرور چھوڑ کر آ اصغؔر کو اپنے گلے لگا

O

حسد کو ہم اپنے دل میں پالتے نہیں
کسی کے عیب سرِ محفل ہم اُچھالتے نہیں
وقت کے بڑے قدردان ہیں دوستو
آج کا کام کل پہ ہم ٹالتے نہیں
خدا کی راہ میں خرچ کرتے ہیں اپنی پونجی
دولت چیز ہے ایسی جسے ہم سنبھالتے نہیں
جس کی باتیں دل کو اچھی لگیں اسی کے ہو جاتے ہیں
دوستی کرتے وقت ہم دیکھتے بھالتے نہیں
خود ہی اُٹھاتے ہیں اپنی ہر ذمہ داری
یہ کام کسی دوسرے کے سر ڈالتے نہیں ہیں

O

کیا بتائیں کہ کیسی ہماری حالت ہے
اب زندگی میں خلوت ہی خلوت ہے
ہم ملنے نہیں آئے تمہیں یہ شکایت ہے
مگر ہمارے ملنے کی کوئی نہ صورت ہے
مجھے کسی اور سہارے کی ضرورت نہیں
میرے دل میں صرف تمہاری مورت ہے
تجھے جو پریاں دیکھ کر شرمائیں
حقیقت میں تو اتنی خوب صورت ہے
نہ جانے تم کب آؤ گے پھول چڑھانے
انتظار میں میرے ارمانوں کی میّت ہے
اصغؔر سے بات بات پہ یوں روٹھا نہ کرو
بزرگوں نے کہا ہے اتفاق میں بڑی برکت ہے

O

جس دن سے کسی سے محبت ہو گئی ہے
اسی دن سے رونے کی عادت ہو گئی ہے
فون پہ اس کی کوئل آواز کیا سنی
اب اسے دیکھنے کی حسرت ہو گئی ہے
پیار کا جواب اب نفرت سے ملتا ہے
یہ دنیا بڑی بے مروت ہو گئی ہے
اس کی حسیں صورت دیکھ کر یارو
اصغؔر کو اپنے آپ سے رقابت ہو گئی ہے
کیا تو نے کبھی آئینہ دیکھا ہے اصغؔر
پیار میں تیری کیا حالت ہو گئی ہے

O

کوئی تو ہے جو مجھے سمجھتا ہے دلدار کی طرح
کئی لوگوں کی نظروں میں کھٹکتا ہوں خار کی طرح

میں ہر موسم کو خوش گوار بنا دیتا ہوں
میری نظر میں خزاں بھی ہے بہار کی طرح

سستی شہرت کے پجاریوں سے ڈر لگتا ہے
یہ لوگ بھی ہوتے ہیں کبھی ذہنی بیمار کی طرح

دوستی کے پردے میں وہی لوگ دشمنی کرتے ہیں
جنہیں ہم سمجھتے ہیں اپنے یار کی طرح

میری تو ہر بات محبت بھری ہوتی ہے
برے لوگوں کو لگتی ہے یہ تلوار کی طرح

O

محبت اور جنگ کا کوئی قانون قاعدہ نہیں ہوتا
مفلس سے پیار کرنے میں فائدہ نہیں ہوتا
وہ لوگ بھی مجھ سے کتراتے رہتے ہیں دوستو
جن کا دل لوٹنے کا میرا ارادہ نہیں ہوتا
ہم اُس کی خاطر اپنی جان نہیں دے سکتے
جس سے پیار تو ہے مگر اتنا زیادہ نہیں ہوتا
اس کا فون نمبر تو مل گیا ہے لیکن
وہ بات کرنے پہ آمادہ نہیں ہوتا
اس سے کوئی سوہنی کیسے پیار کرے
جو بندہ مگر ان کا شہزادہ نہیں ہوتا
نہ جانے یہ آپ کو کیوں گراں لگتے ہیں
ورنہ میرے اشعار کا وزن زیادہ نہیں ہوتا

O

چار دن کی ہماری زندگی ہے دوستو
باقی دنیا میں سب کچھ فانی ہے دوستو
غم بھری میری یہ کہانی ہے دوستو
گو آپ کی نظر میں یہ پرانی ہے دوستو
ویسے تو میری رونے کی عادت نہیں
یہ بس آنکھوں کا پانی ہے دوستو
کچھ باتیں کچھ یادیں کچھ ملاقاتیں
میرے پاس نہیں اس کی نشانی ہے دوستو
ہو سکے تو اصغؔر کو اپنی دُعاؤں میں یاد رکھنا
اس کے لیے تمہاری بڑی مہربانی ہے دوستو

O

آپ ہمارے قاتل اور ہم مقتول ہیں
ہمارے چہرے پہ کفن، تمہارے ہاتھوں میں پھول ہیں
اب یہ مگرمچھ کے آنسو بہانے سے کیا حاصل
اب تو ہم اپنی کار کی دھول ہیں
مرنے کے بعد بڑا پیار جتاتے ہو
تم لوگوں کے یہ کیسے اصول ہیں
اب تو اصغؔر کو آرام سے رہنے دو
ہم منکر نکیر کے جوابات میں مشغول ہیں

O

اپنا انداز ذرا شاعرانہ ہے
ہاں طبیعت تھوڑی عاشقانہ ہے
ہر کوئی یہاں منہ اُٹھائے چلا آتا ہے
میرا دل ہے یا کوئی مسافر خانہ ہے
سبھی بد ذوق ہم پہ طنز کرتے ہیں
میرے مولا یہ کیسا دستور کیسا زمانہ ہے
رقیبوں کو کیسے چین سے رہنے دوں
اپنے دشمنوں کا کافی قرض چکانا ہے
یہ بندہ آپ کا خادم رہے گا
اصغؔر کا تو کام ہی محفلوں کو گر مانا ہے

O

جب ایک آدم کی اولاد ہیں ہم
نہ جانے پھر کیوں کرتے فساد ہیں ہم
ایسی عمارتیں مسمار ہوتی آئی ہیں
جھوٹ پہ جن کی رکھتے بنیاد ہیں ہم
اب انسان شیطان کے نقشِ پا پہ چل رہا ہے
اب ہر برے کام کی بنیاد ہیں ہم
ہم لوگ ہی دنیا میں کیسے کام کرتے ہیں
نہ جانے کیوں نئے ہتھیار کرتے ایجاد ہیں ہم
یااللہ اس دنیا کو ان لوگوں سے محفوظ رکھ
جو شریف لوگ دنیا میں آباد ہیں ہم

O

کتنی پیاری اندازِ بیاں کی محفل سجاتی ہے من جیت
شاعری کے ساتھ غزلیں بھی سناتی ہے من جیت
اس کے سامنے چاند بھی ماند پڑ جاتا ہے
جب ریڈیو پہ اپنی آواز سناتی ہے من جیت
ویڈیو پہ اتنی شہرت پانے کے باوجود
پھر بھی کہاں اتراتی ہے من جیت
ہوا کے دوش پہ ہو جاتی ہے بات
اوروں کی طرح لائن پہ نہ لٹکاتی ہے من جیت
یوں تو سبھی میزبان بہت پیارے ہیں لیکن
میرے دل کو بھاتی ہے من جیت
لگتا ہے اس کی باتوں سے پھول جھڑتے ہیں
اپنے پیارے انداز میں جب مسکراتی ہے من جیت

O

تری زندگی میں سدا خوشیوں کی شاد مانی رہے
تا حیات تو ریڈیو کے سامعین کے دلوں کی رانی رہے
خوشیاں ہمیشہ تیرے قدم چومتی رہیں تو خوشی سے جھومتی رہے
تیری زیست کی ہر گھڑی ہی سہانی رہے
سب کے دلوں پہ تو یوں راج کرتی رہے
تیری محبت کی سامعین کے لیے یہی نشانی رہے
تیری محفل میں چھوٹے بڑے کی کوئی تقسیم نہ ہو
ہر کسی پہ تیری یوں مہربانی رہے
جب کبھی ریڈیو میزبانوں کا ذکر ہو
سب کے لبوں پہ کئی سال تیری کہانی رہے

O

اپنے دوستوں کا ہم بڑا احترام کرتے ہیں
ایک وہ ہیں جو دن میں ہمارا قتلِ عام کرتے ہیں
ان کی یاد میں رات بھر مجھے نیند نہیں آتی
جب ہم ان کی محفل سے خرام کرتے ہیں
باتیں اُن کی بھی سننے کے قابل ہوتی ہیں
جب وہ اپنی زبان کو بے لگا کرتے ہیں
دن بھر چکر کاٹتے رہتے ہیں ان کی گلی کے
لیکن شام اپنے گھر ہی قیام کرتے ہیں
شاید کسی کی بد دُعا کا ہے یہ اثر اصغؔر
جو اپنے آپ کو ہم خود ہی بد نام کرتے ہیں

O

کس سے کہیں اپنی درد بھری داستاں
اس دنیا میں کوئی بھی نہیں ہمارا ہمدرد یہاں
میں کسی کے خیالوں میں کھویا رہتا ہوں
مجھے ہوتی ہے اپنی ہی ہوش کہاں
اب میرے پاس کچھ نہیں اس کی یادوں کے سوا
بجلیوں نے جلائے ہیں چُن چُن کر میرے آشیاں
تیری زُلف کے سائے میں میرے دن رات گزرتے تھے
کتنا حسیں و پرُکشش تھا وہ پیارا سا سماں
کبھی تیری اِک نظر بھی برق کی مانند ہوا کرتی تھی
اب تو دل پہ ہزاروں بجلیاں گراتا ہے آسماں
اصغؔر نے جس کو دل و جان سے چاہا
بنا دیا اسی کے پیار کو جاوداں

O

نہ دولت کی تمنا نہ ہی شہرت کی چاہت
خدا کے بندوں میں خوشیاں باٹنے سے ملتی ہے راحت
اللہ و رسول کی میں کرتا ہوں اطاعت
مگر کبھی کرتا نہیں کسی کے عیبوں کی اشاعت
مطلب کے وقت لوگ گدھے کو بھی باپ بنا لیتے ہیں
بغیر مطلب کے کوئی کرتا نہیں ہے بات
میں کیسے اپنا دیوان چھپواؤں دوستو
پورے نہیں ہوتے میرے اخراجات
یہاں امیروں کے سبھی رشتہ دار ہیں
اصغرؔ جیسے غریبوں سے کوئی کرتا نہیں بات

O

ایک تو پڑوس کے بچے مجھے سونے نہیں دیتے
دوسرا میرے یار اپنے آپ کو خوابوں میں آنے نہیں دیتے
حسین لوگ دل کی آگ تو بڑھا دیتے ہیں جنگل کی آگ کی طرح
اور ستم یہ وہ اسے بجھانے بھی نہیں دیتے
آزماتے ہیں محبت میں ہر طرح سے ہم عشق کے ماروں کو
جب ہم کہیں تو ہمیں وہ لوگ آزمانے نہیں دیتے
نہ کوئی خط لکھتے ہیں اور نہ ہی فون کرتے ہیں
پھر بھی ہمیں اپنی محبت بھلانے نہیں دیتے
اِدھر ہم اپنا سب کچھ ان پہ ہار چکے ہیں
اُدھر وہ خود کو ہماری بزمِ خیال میں آنے نہیں دیتے
اپنی زُلفوں کا اسیر بنائے رکھتے ہیں وہ اصغؔر کو
اس پہ ستم یہ کہ ہمیں ذرا ستانے نہیں دیتے

O

ہم ان سے محبت بے مثال کرتے ہیں
وہ ہماری چاہت کا کب خیال کرتے ہیں
میں آنکھ بند کر کے ان کی ہر بات مان لیتا ہوں
وہ جب مجھ سے اُلٹے سیدھے سوال کرتے ہیں
جب اتوار کو وہ مجھے ملنے نہیں آتے دوستو
ہم ہفتہ بھر اس بات کا ملال کرتے ہیں
کیا ہوا جو کبھی کبھی وہ اپنے دیوانے سے نہیں ملتے
یہ سوچ کر ہم دیوانوں سا کہاں حال کرتے ہیں
دل کہتا ہے بے وفاؤں سے تو محبت نہ کیا کر
مگر ہم دل کی باتوں کا کب خیال کرتے ہیں
اب صبح و شام مجھے ان کے فون آتے ہیں
جس گلی کو چھوڑ دیں پھر اصغرؔ کب ملال کرتے ہیں

O

رحم کرو ہم عشق کے ماروں پر

کیوں ستم ڈھاتے ہو بیماروں پر

نام ان کا بلیڈ سے لکھا کرتے تھے بازو پر

اب لکھتے ہیں اپنے گھر کی دیواروں پر

ان کی محبت ہر پل میرے ساتھ ہوتی ہے

مگر ایسا لگتا ہے ہم چل رہے ہیں انگاروں پر

جنہیں اپنا سمجھا وہ ہی بے وفا نکلے

کوئی کیا بھروسہ کرے نئے دور کے یاروں پر

اُن کی یاد میں دن رات روتا ہے دل

خدا کے لیے ترس کھاؤ ہم بے چاروں پر

اس کے بغیر کیسے مجھے سکون ملے

اس کے بنا لگتا ہے ہم چل رہے ہیں انگاروں پر

O

اے کاش یہ محبت کا سفر آسان ہو جائے
پھر محبت ہی ہماری پہچان ہو جائے
پیار و محبت کی ہم ایسی اک شمع جلائیں
جو بھی سنے داستاں ہماری وہی حیران ہو جائے
ہم اُن سے طلب نہ کریں گے وفاؤں کا صلہ
چاہے ہماری زندگی کا ہر پل سنسان ہو جائے
ہم دونوں اِک دوسرے سے سدا ملتے رہیں گے
بے شک ہماری زندگی کا ہر پل ویران ہو جائے
محبت ہی بناتی ہے شیطان کو انسان
اگر محبت نہ ہو تو انسان بھی حیوان ہو جائے
کرو اتنی محبت ان کافر بتوں سے اصغؔر
کون جانے تمہاری محبت سے یہ مسلمان ہو جائے

O

جب کبھی میرا برا حال ہوتا ہے
پھر اُن کی طرف سے فون کال ہوتا ہے
جب کبھی بھی ہم اک دوجے سے ملتے ہیں
آنکھوں میں نقلی آنسو ہاتھ میں رومال ہوتا ہے
ان کی زُلفوں میں ہیں اتنے پیچ و خم
کہ جیسے شکاری کا جال ہوتا ہے
جو بھی پیار سے انہیں ایک بار دیکھے
دوسرے دن وہ انسان ہسپتال ہوتا ہے
کہتے ہیں تو مر جا میری محبت کی خاطر
جو پیار کے نام پر مر جائے وہ بے مثال ہوتا ہے
جب کبھی وہ اصغؔر کو زندہ دیکھ لیتے ہیں
پھر دیکھنے کے قابل ان کا حال ہوتا ہے

O

لوگوں سے اُدھار لے کر کھائے جاتے ہیں
اور پھر خوشی سے ہم مسکرائے جاتے ہیں
جب خبر ملتی ہے کسی قرض خواہ کے آنے کی
پھر مگرمچھ کے آنسو بہائے جاتے ہیں
کیا کیا بہانے کرتے ہیں جن کا اُدھار چکانا ہے
درد بھری من گھڑت داستانیں سنائے جاتے ہیں
لوگ متاثر ہو کر ہماری جھوٹی شرافت سے
ہمیں معصوم سمجھ کر لوگ ترس کھائے جاتے ہیں
بہانہ کر کے کسی موذی بیماری کا ہم لوگ
لوگوں سے اُدھار بخشوائے جاتے ہیں
لاکھ بددُعائیں دیتے رہیں کئی رقیب ہمیں
لیکن ہمارے جیسے لوگ اتنی جلدی کب اُٹھائے جاتے ہیں

O

میرے ساتھ دوستوں کی دی ہوئی رسوائیاں بہت ہیں
میرے دفاع کے لیے برمنگھم میں چاچیاں تائیاں بہت ہیں

سردیوں میں اوڑھنے کو ایک عدد چادر بھی نہیں ملتی
ویسے کہنے کو تو گھر میں رضائیاں بہت ہیں

ہر بزم میں یار لوگ دیتے ہیں درسِ پارسائی
مگر اپنے اعمال نامے میں برائیاں بہت ہیں

میں کیسے کسی کو پرفیوم کی بوتل تحفے میں دوں
عید کی بدولت آج کل مہنگائیاں بہت ہیں

ریڈیو پہ سجتی ہیں شعر و سخن کی کئی محفلیں
سنا ہے آپ کی محفل نے دھومیں مچائیاں بہت ہیں

O

ہم کسی بے وفا کے قدموں کی دھول ہو نہیں سکتے
جن کی آستینوں میں خنجر ہوں ہاتھ میں پھول ہو نہیں سکتے
دوست بن کر گھونپتے نہیں کسی کی پیٹھ میں خنجر
ہم برے سہی لیکن ہمارے ایسے اصول ہو نہیں سکتے
ہمارا مذہب سکھاتا ہے دشمنوں کو بھی معاف کرنا
ایسی باتوں پہ ہم عمل نہ کریں ایسے مجہول ہو نہیں سکتے
جو خود کو سمجھیں ہر انسان سے افضل
وہ کبھی عوام میں مقبول ہو نہیں سکتے
بغض و حسد جن کے سینوں میں چلتے ہوں
ایسے لوگ کبھی با اصول ہو نہیں سکتے
اب تم پتھر سے ہیرا بھی بن جاؤ تو کیا
پھر بھی کسی حال میں تم اصغرؔ کو قبول ہو نہیں سکتے

O

ہم جیسے کتنے پھرتے ہیں جن کا کوئی قدردان نہیں ہے
اس محفل میں کیا جانا جہاں فن کار کی پہچان نہی ہے
آج کل بے پر کبوتر اُڑائے جاتے ہیں دوستو
مسکا لگا کر چنے کے جھاڑ پہ چڑھائے جاتے ہیں
اب تو اندھوں میں کانے سردار نظر آتے ہیں
آپ کی بزم میں باذوق دو چار نظر آتے ہیں
جنہیں آتا کچھ نہیں انہیں لکھنے کا ٹھرک ہے
ایسے لوگوں کے ہاتھوں ادب کا بیڑہ غرق ہے
تلخ حقیقت کو فسانہ بنا کر پیش کرتاہوں
کسی کی دل آزاری نہ ہو اس بات سے ڈرتا ہوں
سچ بات کہتے ہوئے میں کبھی شرماتا نہیں ہوں
اسی لیے میں کچھ لوگوں کو بھاتا نہیں ہوں

O

جتنی کشش آپ کے اندازِ بیان میں ہے
اس سے زیادہ مٹھاس آپ کی زبان میں ہے
یوں تو اور بھی ریڈیو میزبان ہیں دنیا میں
مگر آپ جیسا نہ کوئی اس جہان میں ہے
جیسا کہ آپ کا انداز تکلم ہے دوست
ایسا نہ کسی دوسرے میزبان میں ہے
کیا ہوا جو ابھی میرے بال و پر نہیں نکلے
آؤ دیکھ لو کتنا جادو تخیل کی اُڑان میں ہے
یہ مبالغہ آرائی نہیں بلکہ اٹل حقیقت ہے
ایسا نہ سمجھنا کہ قصیدہ آپ کی شان میں ہے

O

وہ کہتی ہے تیری شاعری بڑی بہترین ہوتی ہے
یہ بڑی جلد انسان کو ذہن نشین ہوتی ہے
ہر بات پہلے تولتا ہوں پھر بولتا ہوں
اسی لیے میری ہر بات ذہین ہوتی ہے
سیدھے سادھے الفاظ سیدھا سادہ انداز
جس میں کسی کی نہ توہین ہوتی ہے

O

جانِ من یہ جتنی غزلیں ہماری ہیں
یہ سب کی سب نذر تمہاری ہیں
اپنی یادیں میرے پاس رہنے دے
مجھے یہ تم سے بھی پیاری ہیں

O

روٹھے یار کو بار بار نہ منایا کرو دوستو
اپنا قیمتی وقت یوں نہ گنوایا کرو دوستو
یار کو منانے میں کوئی برائی نہیں ہے
یار کو مناتے ہوئے نہ شرمایا کرو دوستو
یار کا جب تم سے ملنے کو جی کرے
یار سے کبھی آنکھیں نہ چرایا کرو
محبوب کو اس کی حالت پہ چھوڑ دیا کرو
وہ بات نہ کرے تو تم نہ گھبرایا کرو دوستو

O

روٹی نہیں ملتی کھانا نہیں ملتا
کسی سے میرا دل دیوانہ نہیں ملتا
مفلسی میں اپنے بھی ایسے ہوتے ہیں
اس طرح تو کوئی بیگانہ نہیں ملتا
کئی سالوں سے اس تلاش میں ہوں
میری قسمت کا آب و دانہ نہیں ملتا
جو زمانے میں محبت کی انتہا کر دے
اصغؔر جیسا کوئی دیوانہ نہیں ملتا

O

ہمیں جب سے کسی سے پیار ہو گیا ہے
ہمارا دل اچانک تم سے دو چار ہو گیا ہے
آج ایک عجیب سانحہ ہوا میرے ساتھ
مجھے پہلی نظر میں کسی سے پیار ہو گیا ہے
میں اسے اپنی خوش قسمتی ہی کہوں گا
میرے اشعار پڑھ کر دشمن بھی یار ہو گیا ہے
مجھے تو یہ عشق کا ہی کوئی کرشمہ لگتا ہے
کہ پیار میں وہ کتنا ہوشیار ہو گیا ہے
ہم اسے اس کی دل لگی ہی سمجھتے رہے
مگر وہ اصغؔر کی خاطر جان دینے کو تیار ہو گیا ہے

O

اس طرح قلم کا زور آزماتا جا
زمانے سے برائی مٹاتا جا
تو سب کو ہنساتا جا گاتا جا
سدا اسی طرح مسکراتا جا
وہ زبان کے تیر چلاتے جائیں
تو اپنا فرض نبھاتا جا
ان کی باتوں کا غم نہ کر
ہر کسی کو حق بات سمجھاتا جا
لوگوں کے چہروں سے نقاب ہٹا کر
اللہ کے دربار میں ثواب کماتا جا

O

خالی پڑی ہے حویلی دل کی
تو ہی رہبر ہے میری منزل کی
دل کے گلشن میں بہار آ جائے
بن جائے جو تو سہیلی دل کی
اب کسی اور کا اس پر حق نہیں
اب صرف تیری ہے حویلی دل کی
میں تجھ کو کیوں اتنا چاہتا ہوں
تو آ کر سلجھا دے یہ پہیلی دل کی
تجھ سے اپنے دل کی بات کہی نہیں جاتی
تو ہے بڑی شرمیلی دل کی

O

ہم لوگ تو ہیں آپ کے چاہنے والے
آپ کی پیاری صورت دل میں بسانے والے
مجھے شب بھر جگائے رکھتے ہو جاناں
وہ تمہی ہو میری نیندیں چرانے والے
اے دوست میں تیرے کیوں نہ قربان جاؤں
میری نظروں میں اپنا مقام بنانے والے
میں تیری اس محبت کی کیا مثال دوں
دور بیٹھ کر میری روح پہ قبضہ جمانے والے
میرے دل و جان کیوں نہ تجھ پہ قربان ہوں
ہم ہیں بے لوث تمہیں چاہنے والے
جیون کے سفر میں اب تمہی میرے ساتھی ہو
اصغرؔ نہیں کسی اور کو اپنا ہم سفر بنانے والے

O

انسان کو انسان سے نفرت نہیں ہوتی
انسان کی ایسی حالت دیکھ کر مجھے حیرت نہیں ہوتی
ہمیں تو ہر پل مصائب گھیرے رکھتے ہیں
انہیں فون کرنے کی بھی فرصت نہیں ہوتی
ہمارے دل میں بڑے ارمان پلتے رہتے ہیں
مگر پوری ہماری کوئی حسرت نہیں ہوتی
جو انسان ایک بار کسی کی نظروں میں گر جائے
اس شخص کی کہیں بھی عزت نہیں ہوتی
دولت کی دیوی خود اس کے گھر چلی آئے
کسی غریب کی ایسی قسمت نہیں ہوتی

O

خدا کرے تجھے کسی سے پیار ہو
تو ہر پل اسے ملنے کو بے قرار ہو
دور تجھ سے تیرا یار ہو
اس کے غم میں تو بیمار ہو
تو دن بھر گولیاں کھایا کرے
خدا کرے تیرے دل میں درد ہو
دن بھر دوائیاں کھایا کرے
ہر روز چارہ گر کے پاس جایا کرے
بار بار لب پہ میرا نام آئے
راتوں کو اُٹھ کر اصغؔر اصغؔر چلایا کرے

O

خود کو کسی کی محبت میں پھنسا کے دیکھتے ہیں
ہم بھی کسی سے دل لگا کر دیکھتے ہیں
سنا ہے اس کا سکیورٹی سسٹم بڑا جدید ہے
آج اس کی مرغی چرا کر دیکھتے ہیں
ہماری تمام عمر روتے گزری ہے
آج سے کچھ دن مسکرا کے دیکھتے ہیں
کسی بد ذوق کی محفل میں جا کر اصغؔر
بھینس کے آگے بین بجا کے دیکھتے ہیں

O

کسی کے دل میں اپنا گھر بنانا پڑتا ہے
محبت میں کئی بار چین و سکون گنوانا پڑتا ہے
سنا ہے نفرت محبت کی پہلی کڑی ہوتی ہے
کئی بار دشمن کو بھی اپنا بنانا پڑتا ہے
کسی انسان کو دل ہی دل میں چاہ کر دوستو
اس سے اس کا پیار چھپانا پڑتا ہے
کئی لوگ رائی کا پہاڑ بنا دیتے ہیں
ایسے لوگوں سے دل کو بچانا پڑتا ہے
جو محبت کے سمندر میں لے جاتے ہیں کشتی
کئی بار ان کو اپنی جان سے جانا پڑتا ہے

O

ہم لوگ تو ہیں آپ کے دیوانے سے
رقیب جلتے ہیں ہمارے مسکرانے سے
نہ جانے ہمارا کیا انجام ہو گا
شعلے سے اُٹھتے ہیں میرے آشیانے سے
زندگی میں پہلی بار ہمیں سکوں ملا
یہ کرامت ہوئی کسی سے دل لگانے سے
جب دل میں کسی کو بسا ہی لیا ہے
پھر ہم کیوں ڈرتے پھریں زمانے سے
جس دن سے اُن سے محبت ہوئی ہے
اُس دن سے وہ باز نہیں آتے ہمیں رُلانے سے
ایک بار کوئی دل کی گہرائی سے ہمیں پکارے
ہم دوڑے چلے آئیں گے ان کے بلانے سے

O

محبت چھپتی نہیں ہے چھپانے سے
یہ ایسی آگ ہے جو بجھتی نہیں بجھانے سے
اس میں غم کے سوا کچھ بھی نہیں
ہمیں ڈر لگتا ہے کسی سے مراسم بڑھانے سے
میری آنکھیں پتھرا گئی ہیں انتظار میں
آؤ مل بھی جاؤ ہمیں کسی بہانے سے
نہ جانے میرا دل کیسے گھائل ہو گیا
تیری آنکھ کے پہلے نشانے سے
میرے دل میں جو ہجر کی آگ لگی ہے
وہ بجھے گی تمہارے بجھانے سے
محبت میں اصغؔر نے اتنے غم سہے ہیں
اب ہم باز رہتے ہیں کسی سے دل لگانے سے

O

تجھ سے محبت کرنے کا بہانہ چاہتا ہوں
میں صرف آپ کا یارانہ چاہتا ہوں
دنیا میں اور کوئی خوشی راس نہیں آئی
محبت میں اپنا مقدر آزمانا چاہتا ہوں
میرے دل میں جو پیار کا سمندر چھپا ہے
تیری نذر کرنا وہ نذرانہ چاہتا ہوں
دل کے کسی کونے میں مجھے تھوڑی جگہ دے دو
وہاں بنانا اپنا آشیانہ چاہتا ہوں
اصغؔر کے سوا تجھے کوئی اور دیکھ نہ سکے
اپنی آنکھوں میں تجھے چھپانا چاہتا ہوں

O

یہ صلہ ملا ہے مجھے ان سے دل لگانے کا
وہ نام نہیں لیتے میرے دل سے جانے کا
کئی مہینوں سے مفت کا کھا رہے ہیں
کام آج تک انہوں نے نہیں کیا ایک آنے کا
روز مرہ کی فرمائشوں سے ہو گیا دیوالیہ اپنا
سوچتے ہیں سیکھ لیں کسی سے گُر دل لگانے کا
سامان ان کا پھینک دیتے ہم سڑک پہ لیکن
اگر ہمیں ڈر نہ ہوتا پولیس اور تھانے کا
عدالت میں ہم بھی دائر کریں گے ہر جانے کا کیس
تا کہ انہیں خیال نہ آئے کسی کے دل میں سمانے کا
اپنے اُستاد سے مشورہ کر کے چلا کوئی چکر اصغرؔ
پھر وہ بھول کر بھی نہ لیں نام تیرے دل میں آنے کا

O

خود جاگنے والے اور ہم کو جگانے والے
ہم لوگ ہیں تیری محفل کو سجانے والے
تمہاری نظروں میں ہماری کوئی قدر نہ سہی
مگر وفادار ہوتے ہیں ساتھی پرانے والے
میں تیری خاطر اپنی جان نچھاور کردوں
میری تصویر کی تصویر بنانے والے
ہم سے یوں نہ مُکھ موڑا کرو دوست
نہیں تو ڈھونڈو گے ہم جیسے چاہنے والے
اس زمانے میں تو کوئی چار قدم ساتھ نہیں دیتا
ہم ہیں کئی سالوں سے تیرا ساتھ نبھانے والے

O

پہلے پہل جب میرا برا حال ہوتا تھا
پھر ان کی جانب سے ایک فون کال ہوتا تھا
اب اس طرح ہم اپنے ارمانوں کا خون کرتے ہیں
نہ ملتے ہیں ان سے نہ ہی فون کرتے ہیں
ہم جب کبھی کوئی درد بھری غزل سناتے تھے
پھر ان کی جانب سے بڑے فون آئے تھے
کہتے تھے خدا کے لیے دُکھی غزلیں مت سناؤ
اگر ہو سکے تو ہمیں ہمیشہ کے لیے بھول جاؤ
ایک چھوٹی سی خطا ہم سے سرزد ہوئی
اس لیے اب ان سے رابطہ نہیں کوئی
اگر ہو سکے تو اصغرؔ کو معاف کر دینا
اور میری جانب سے دل اپنا صاف کر لینا

O

دوستو وہ بھی کوئی محفل ہے
جس میں اصغرؔ نہ شامل ہے
اس کے سخن میں ہر رنگ
اس کا کوئی نہ مدِ مقابل ہے
ہر محفل میں دھوم ہے اس کی
مگر گھر میں آٹا نہ چاول ہے
وہ ڈوبا ہے کسی کی آنکھوں میں
نہ جانے کتنی دور محبت کا ساحل ہے
بینک میں پیسہ نہیں اور جیب بھی خالی ہے
ایسے میں دل جیتنا بڑا مشکل ہے

O

وہ میری آنکھوں میں مثلِ خواب رہتے ہیں
ساری رات ہم دیکھتے انہی کے خواب رہتے ہیں
ہماری نظر سے وہ ہٹنے کا نام نہیں لیتے
میرے دل میں وہ صورتِ گلاب رہتے ہیں
میں ڈرتے ہوئے وصل کا سوال نہیں کرتا
ان کے لبوں پہ حساب لاجواب رہتے ہیں
جب ان کی یاد میں دل بے قرار ہوتا ہے
دردِ دل غم دوراں میرے ساتھ دوست بے حساب رہتے ہیں
میری نگاہ اور کسی کی جانب اُٹھتی نہیں ہے
میری نظروں میں آپ جناب رہتے ہیں
وہ بار بار پوچھتے ہیں کوئی بتا دے اصغؔر کون ہے
ہم تو ان کے سامنے صورت کھلی کتاب رہتے ہیں

O

یہ جو تیرے کالے جوڑے میں حسین گلاب ہے

یہ میری زندگی کے لیے بہت بڑا عذاب ہے

حسینوں سے کبھی بھول کر بھی محبت نہ کرنا

انہی کی بدولت مردوں کا خانہ خراب ہے

کل وہ اچانک میری میں آ گئی

میں نہ سمجھ سکا یہ حقیقت یا خواب ہے

اب وہ چھپتے پھرتے ہیں سبھی سے

ان دنوں ان کے چہرے پہ رہتا نقاب ہے

اب وہ اصغؔر سے کہتے ہیں ڈر نہ محبت کر لے

اب ہم کسی کے چکر میں نہ آئیں گے سب کو ہمارا ایسا جواب ہے

O

تیری آنکھوں کے نشے میں چور صبح و شام رہتا ہے
جان ابھی بھی وقت ہے لگا لو اگر کوئی الزام رہتا ہے
ہفتے میں جب کبھی وہ یاد کر لیتے ہیں مجھ کو
پھر میرے دل میں بہت آرام رہتا ہے
ہوس کے پجاری یہ بات بھلا کیا جانیں
کہ محبت کرنے والوں کا زندہ نام رہتا ہے
آخر انہوں نے میرے پیار کو سچا مان لیا
اب میرے دل میں بڑا آرام رہتا ہے
ہم تو رات دن انہیں اپنا حال سنا دیتے ہیں
مگر انہیں ہر پل کوئی نہ کوئی کام رہتا ہے

O

آئے تھے سنیں گے ریشمی شلوار کرتہ لٹھے کا
مفت میں سننا پڑ گیا گانا اک کٹے کا
کمزوری میں ہم کیسے اُٹھائیں تمہارے ناز نخرے
یہ تو کام ہے کسی ہٹے کٹے کا
گھر بیٹھے اس لئے خرید لیے سارے شیئر
اب اسے سلام کرتا ہے سارا بازار سٹے کا
پچھلے سال ہم گئے بازار میں اُلو خریدنے
حیران ہو گئے سن کر نرخ نامہ اُلو کے پٹھے کا
اب جب کبھی اپنا گانا سناتا ہوں پڑوسن کو
اِس پر اُس کی ساس پوچھتی ہے یہ گانا کس گلہ پٹھے کا

O

کیا بتاؤں رنگ میرا کیوں زرد ہے
میرے جگر میں کسی کی محبت کا درد ہے

جانِ من آج نہ جاؤ مجھے اکیلا چھوڑ کر
ہوا بھی تیز ہے اور موسم بھی سرد ہے

دنیا میں کوئی کسی کا دوست نہیں
نہ ہی اہل و عیال میں کوئی ہمدرد ہے

دولت نے سب سکون و چین کھویا
اور اسی کے بارے میں سوچتا ہر مرد ہے

جب سے تم اکیلے چھوڑ گئے ہو اصغرؔ کو
اس دن سے میرے دل میں درد ہے

O

نیکی کرتے ہو تو پھر جتاتے کیوں ہو
میرے نہیں ہو تو خوابوں میں آتے کیوں ہو

کہنے کو تو میں تمہارے ساتھ رہتی ہوں
پھر اپنے گھر میں مجھے بلاتے کیوں ہو

میں جانتی ہوں تم بہت برے ہو بروں کی نظر میں
مگر میرے دل کو اتنے بھاتے کیوں ہو

تمہیں شاید کوئی اور نہیں ملتا بات کرنے کے لیے
پھر فون پہ سارا دن میرا بھیجا کھاتے کیوں ہو

ہم تو کل بھی اور آج بھی تمہارے ہیں اصغؔر
پھر بار بار ہمیں تم آزماتے کیوں ہو

O

محفلِ سخن سجی ہے تو دیوانے بھی آئیں گے
شمع جلی ہے تو پروانے بھی آئیں گے

محبت میں تم ہمیشہ ثابت قدم رہنا
لوگ ہماری چاہت کو آزمانے بھی آئیں گے

موسم ہجر میں تم یوں اُداس نہ رہنا
دیکھنا ایک دن وصل کے زمانے بھی آئیں گے

جو دوست تمہیں دور سے پیارے لگتے ہیں
ایک دن وہی تمہارا دل جلانے بھی آئیں گے

اپنے دل کو سنبھال کر رکھنا ہو گا
دیکھنا اسے کئی لوگ چرانے بھی آئیں گے

محبت میں ہر طرح کی آزمائشیں آتی رہتی ہیں
جنہیں تم اپنا سمجھو گے ایسے بیگانے بھی آئیں گے

O

دیکھ کر میرے دل کے گھاؤ
اُسے ہو گیا مجھ سے لگاؤ
اب کہتے ہیں دنیا کو ٹھکراؤ
ہو سکے تو ہم سے دل لگاؤ
پیار کرنا ہے تو سچے دل سے کرو
نہیں تو باتوں میں نہ اُلجھاؤ
ہم تم سے پیار کرتے رہیں گے
چاہے تم ہماری محبت کو ٹھکراؤ
پیار کرنا ہے تو جلدی سے کر لو
ہمیں باتوں میں نہ اُلجھاؤ

O

ہمارے پیار کی کہانی رنگین بہت ہے
مگر اس کا انجام ہوا سنگین بہت ہے
میں کیوں کسی شاعر کی شاعری چراؤں
اللہ کے فضل سے میری زمین بہت ہے
جس نے مجھ کو دیوانہ بنا رکھا ہے
وہ شخص میری نظر میں حسین بہت ہے
ہماری محبت میں آہیں ہیں نالے ہیں
سننے والوں کے لیے یہ غمگین بہت ہے
میری یار کی باتیں پیار بھری ہوتی ہیں
کیونکہ وہ سب حسینوں سے ذہین بہت ہے

O

جو تم نے پوچھا ہے کہ میرے کون ہو تم
میرے پیار کی شان ہو تم
میری محبت کی آن ہو تم
میرے دل کا ارمان ہو تم
میری چاہت کی پہچان ہو تم
میری سوچ میرا دھیان ہو تم
میرا دین میرا ایمان ہو تم
دل پہ جو رہے گا وہ نشان ہو تم
میں بے گناہ میرا بیان ہو تم
میری سلطنت کی حکمران ہو تم
میری روح میری جان ہو تم

O

ہم حیران ہیں یہ کیسی غزل خوانی ہے
نہ ہاتھ میں رومال ہے نہ آنکھوں میں پانی ہے
نہ اس کی نظموں کا کوئی عنوان ہے
نہ ہی شاعری کا کوئی مفہوم و معنی ہے
جن کی ہر بات میں تضاد ہوتا ہے
وہی کہتے پھرتے ہیں ہمارا کوئی نہ ثانی ہے
جس نے پورے رمضان میں ایک روزہ نہیں رکھا
وہی کہتا پھرتا ہے کیا میرا چہرہ نورانی ہے
اصغؔر کے دنیا میں دشمن تو بہت ہیں
مگر ان میں سے ایک نہ خاندانی ہے

O

جب سے وہ زندگی میں شامل ہو گئے ہیں
تب سے ہم سب کی نظر میں کامل ہو گئے ہیں
جو بڑے پارسا بنے پھرتے تھے گلی گلی
آج وہی لوگ رونق محفل ہو گئے ہیں
اب کوئی ہمیں جدا نہیں کر سکتا
ہم ان کی زندگی میں شامل ہو گئے ہیں
کبھی ہم بھی بڑے خوددار ہوا کرتے تھے
آج ان کے در کے سائل ہو گئے ہیں
ان کا پیار پا کر چین ملے گا اصغؔر
وہ میرے پیار کی منزل ہو گئے ہیں

O

جو دشمن جاں ہے اس سے دوستانہ ہے
مگر ہم دونوں کا تعلق غائبانہ ہے
ان کی اور ہماری طبیعت شاعرانہ ہے
مگر میرا انداز ذرا عاشقانہ ہے
آج جمعہ کے دن تو غسل کرو دوست
کیونکہ اس نے تیرے پڑوس میں آنا ہے
جو کوئی بھی مجھے ڈھونڈھنا چاہتا ہے
وہ یاد رکھے کہ میرا ان کے دل میں ٹھکانہ ہے
ہم سوچ رہے ہیں کیسے ان سے ملیں
آج برفباری بھی ہے ملنے بھی جانا ہے
جب میں اور وہ دونوں راضی ہیں
پھر نہ جانے کیوں دشمن یہ زمانہ ہے

O

کٹہرے میں کھڑا ہوں کب عدالت سے ڈرتا ہوں
اپنا دشمن ہوں اپنی وکالت سے ڈرتا ہوں

میری داستان تو بڑی طویل ہے جاناں
یہ تمام لکھ نہ سکا میں طوالت سے ڈرتا ہوں

تیرا پیار مجھے کہاں سے کہاں تک لے آیا
میرا جو حال ہوا اس طوالت سے ڈرتا ہوں

جہاں عروج کے بعد زوال ہی زوال ہوتا ہے
میں ایسی مختصر شہرت سے ڈرتا ہوں

جو کسی نیک کام کے لیے صرف نہ کر سکوں
چاہے کتنی زیادہ ہو ایسی حالت سے ڈرتا ہوں

O

زندگی میں کچھ لوگ بڑے پیارے ملتے ہیں
مگر ان سے نہ بخت کے تارے ملتے ہیں
ذرا سوچ سمجھ کر تم کسی سے دوستی کرنا
ایسے کاموں میں یہاں بڑے خسارے ملتے ہیں
زیست کا سمندر بڑا کٹھن ہے پار کرنا
یہاں ہر شناور کو نہ کنارے ملتے ہیں
دنیا میں کہیں تو سارے لوگ خوش ہیں
